# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

## JOB/SMC/06

| | | | |
|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | یوسی | شعبہ (Department) | مدنی کورسز |
| منصب (Designation) | یوسی ذمہ دار | جوابدہ (Report to) | تحصیل ذمہ دار |
| کام (Function) | عاشقان رسول کی شرعی، اخلاقی اور تنظیمی تربیت کے مختلف کورسز کروانا | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | - |

## منصب کے کام - Job Description

1. اپنا پیشگی و عملی جدول اپنے نگران کو پیش کرنا۔
2. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا۔
3. یوسی میں اسلامی بھائیوں کو کورسز کروانے کے لیے (پینا فلیکس، بڑی راتوں، ایونٹس، ہفتہ وار اجتماع/مدنی مشوروں میں اعلانات اور واٹس ایپ پوسٹ وغیرہ کے ذریعے) تشہیر کرنا۔
4. مختلف کورسز (فیضان نماز کورس، 12 دینی کام کورس، اصلاح اعمال کورس، مدنی تربیتی کورس و دیگر کورسز) کرنے کے لیے اہداف کے مطابق عاشقان رسول کو تیار کرنا اور پیشگی نام لکھنا۔
5. کورسز کے مقامات کے تعلیمی وانتظامی معاملات (قیام وطعام وغیرہ) کو طے شدہ طریقہ کار کے مطابق مکمل کرنا/کروانا۔
6. کورسز کیے ہوئے عاشقان رسول کے اجتماعات کرنا/کروانا اور متعلقہ نگران کی مشاورت کے ساتھ مبلغین کے بیانات کروانا۔
7. بااثر افراد کے گھروں اور دفاتر میں مدنی حلقے لگانا نیز انہیں دعوت اسلامی کی دینی خدمات سے آگاہ کرنا/کروانا۔
8. کورسز کے مقامات کا پیشگی جائزہ کرنا اور کورس کے تعلیمی وانتظامی معاملات کے حوالے سے آنے والے مسائل نگران کے ذریعے حل کروانا۔
9. طے شدہ ہدف کے مطابق فل ٹائم و شارٹ ٹائم رہائشی وجز وقتی کورسز کی پیشگی تاریخیں بروقت اپنے نگران کو پیش کرنا۔
10. شعبے کے ایس او پیز، جاب ڈسکرپشنز کا مطالعہ کرنا نیز تنظیمی معلومات واپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
11. اپنے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا اور تمام طے شدہ کارکردگیاں درست اور بروقت متعلقہ نگران کو پیش کرنا۔
12. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت رپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا۔
13. نگران کے ذریعے شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** میٹرک/انٹر **دینی تعلیم:** ناظرہ (درس نظامی کیے ہوئے کو ترجیح ہوگی)
- **کورسز:** اذکارِ نماز و مسائل نماز ٹیسٹ پاس ہو، قافلہ کورس کیا ہو۔
- **تجربہ:** متعلقہ شعبے میں کم از کم 1 سے 2 سال کا تجربہ ہو۔
- Public speaking, Time management, People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility

## اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی کورسز، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالیں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، دارالافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیف شدہ اور المدینۃ العلمیہ کی تیار شدہ دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔